قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کاچوتھا راؤنڈ مکمل

- سنٹرل پنجاب کو ایک اننگز اور 126 رنز سے شکست
- سرمدبھٹی کےبھرپور دفاعی انداز نے ناردرن کویقینی شکست سے بچالیا
- سندھ اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ ڈراہوگیا

لاہور، 4 اکتوبر 2019ء:

حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں کھیلے گئے تین روزہ میچ میں میزبان ٹیم نے سنٹرل پنجاب کو ایک اننگز اور 126 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔میچ کے آخری روز سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 121 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔مجموعی طور پر 197 رنز کے خسارے میں موجود مہمان ٹیم نے میچ کے آخری روز 50 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو خیبرپختونخوا کے لیگ بریک باؤلر اسد آفریدی کی گھومتی گیندوں کے سامنے کوئی بھی بیٹسمین خاطر خواہ کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا اور پوری ٹیم 121 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا کے مہران ابراہیم اور خوشدل شاہ کی سنچریوں کی بدولت مقررہ 83 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 400 رنز بنائےتھے۔ جواب میں سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 153 رنز بنا کر فالوآن کا شکار ہوگئی تھی۔ میزبان ٹیم کے فاسٹ باؤلر احمد جمال، ساجد خان اور اسد آفریدی نے میچ میں 5،5 وکٹیں حاصل کیں۔

این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے نان فرسٹ کلاس میچ میں بائیں ہاتھ کے مڈل آرڈربیٹسمین سرمد بھٹی نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرکے ناردرن کو بلوچستان کے خلاف یقینی شکست سے بچالیا۔سرمد بھٹی نے 102 گیندوں پر ناقابل شکست 11 رنز بنا کر میچ ڈرا کردیا۔ اس سے قبل میچ کے تیسرے روز بلوچستان نے 38 اوورز میں 128 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ سے اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو گلریز صدف کی ناقابل شکست نصف سنچری اور ابتسام شیخ کے قیمتی 43 رنز

کی بدولت بلوچستان نے 9 وکٹوں کے نقصان پر 242 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کردی۔اسپنر رضا حسن نے میچ میں 6 کھلاڑیوں کوآؤٹ کیا۔ جواب میں ناردرن کے اوپنر جمال انور نے محتاط آغاز کیا مگر پہلی اننگز میں سنچری اسکور کرنے والےساتھی اوپنر نوید ملک نے ان کاساتھ نہ دیا اور وہ 6 کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ 38 کے مجموعی اسکور پر ناردرن کے 3 کھلاڑی آؤٹ ہوچکے تھے۔ جمال انور بھی61 گیندوں پر 22 رنز اسکور کرکے ہمت ہار گئے ۔ جس کے بعد بائیں ہاتھ کے بلے باز سرمد بھٹی نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور بلوچستان کے باؤلرز کے سامنے چٹان بن کر کھڑے ہوگئے۔دوسری اننگز میں بھرپور دفاعی انداز اپنانے والے سرمد بھٹی نے 102 گیندوں کا سامنا کیا ۔ وہ 11 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے۔ دن کے اختتام پر ناردرن کی ٹیم نے 51 اوورز میں 98 رنز بنائے اور اس کے 7 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔ بلوچستان کی جانب سے ابتسام شیخ نے میچ میں 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ڈرنگ اسٹیڈیم بہالپور میں سدرن پنجاب اور سندھ کی ٹیموں کے درمیان بارش سے متاثرہ میچ بے نتیجہ ختم ہوگیا ہے۔میچ کے آخری روز سندھ کے 289 رنز کے جواب میں سدرن پنجاب نےپہلی اننگز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 209 رنز بنائے تھے کہ میچ کے لیے مقررہ وقت ختم ہوگیا۔بارش کے باعث جمعہ کے روز کھیل کا آغاز 2 گھنٹے تاخیر سے ہوا۔ پہلی اننگز میں سدرن پنجاب کے اوپنرزکے درمیان 138 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ذیشان اشرف 88 اور مختار احمد 68 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔دونوں اوپنرز کے آؤٹ ہونے کے بعد کوئی کھلاڑی خاطر خواہ کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا تاہم میزبان ٹیم نے 59 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 209 رنز بنائے تھے کہ کھیل کے لیے مقررہ وقت ختم ہوگیا۔اس سے قبل سندھ کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 289 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلےروز کھیل ممکن نہیں ہوسکا تھا جبکہ دوسرے روز 82.4 اوورز کا کھیل ہوا تھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk